37636 ـ فطرانہ ادا کرنے کا وقت

سوال

کیا فطرانہ کی ادائیگی کا وقت نماز عید کے بعد سے اس دن رات تك ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فطرانہ کا وقت نماز عید کے بعد سے شروع نہیں ہوتا، بلکہ اس کا وقت رمضان کے آخری دن کے سورج غروب ہونے سے شروع ہوتا ہے جو کہ شوال کی پہلی رات ہوتی ہے (اور اسے چاند رات کہا جاتا ہے) اور یہ وقت نماز عید کے وقت ختم ہو جاتا ہے.

اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عید سے قبل فطرانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے.

اور اس لیے بھی کہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہ:

" جس نے نماز عید سے قبل فطرانہ ادا کیا تو یہ فطرانہ قبول ہے، اور جس نے نماز عید کے بعد ادا کیا تو یہ عام صدقات میں سے ایك صدقہ ہے "

سنن ابو داود (2 / 262 ـ 263) حدیث نمبر (1609) سنن ابن ماجہ (1 / 585) حدیث نمبر (1827) سنن دار قطنی (2 / 138) مستدرك الحاكم (1 / 409).

اور فطرانہ عید سے ایك یا دو یوم قبل ادا کرنا بھی جائز ہے، کیونکہ ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان سے فطرانہ فرض کیا ..... "

اور اس کے آخر میں کہا:

" اور صحابہ کرام ایك یا دو دن قبل ہی ادا کر دیا کرتے تھے "

چنانچہ جس نے بھی عمدا وقت کے بعد ادا کیا تو وہ گنہگار ہے، اسے اس تاخیر میں توبہ کرنی چاہیے اور وہ فقراء

میں تقسیم کرے"

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.